نیو یارک سٹی
ارلی انٹروینشن
پروگرام

جتنا پہلے ہو، اتنا ہی بہتر ہے

آپ کے خاندان کے حقوق
ارلی انٹروینشن میں

تشخیص	آپ کو اپنے بچے کی اسکریننگ یا تشخیص کروانے کے معاملے میں ہاں یا نہیں کہنے کا حق ہے۔
انتخاب	آپ کو یہ انتخاب کرنے کا حق ہے کہ آپ کے بچے کی تشخیص کون کرے (تشخیص کار)۔ آپ کو اپنے بچے کے انفرادی منصوبۂ خدمت کی میٹنگ میں اپنے رواں سروس کوآرڈینیٹر کا انتخاب کرنے کا حق ہے۔ آپ اپنے خدمت فراہم کنندہ یا تھراپسٹ کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ اگر آپ ارلی انٹروینشن (Early Intervention, EI) کو چھوڑ دیتے ہیں، تو آپ اپنے بچے کی تیسری سالگرہ تک کسی بھی وقت واپس آ سکتے ہیں۔
اجازت	آپ کو EI میں اپنے بچے کا اندراج کروانے کے معاملے میں ہاں یا نہیں کہنے کا حق ہے۔ آپ کو EI کے ذریعہ پیش کردہ کسی بھی خدمت کے معاملے میں ہاں یا نہیں کہنے کا حق ہے۔ اگر آپ کسی مخصوص خدمت کے خواہاں نہیں ہیں تو آپ اس خدمت کو نہیں کہہ سکتے ہیں اور جن دیگر خدمات سے آپ اتفاق کریں وہ اب بھی حاصل کر سکتے ہیں۔
رازداری	آپ کو اپنے بچے اور خاندان کے بارے میں معلومات کو نجی رکھنے کا حق ہے۔ جو افراد یا ایجنسیاں EI میں کام نہیں کرتی ہیں انہیں ہماری جانب سے معلومات بھیجے جانے سے پہلے آپ کی تحریری اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔
میٹنگیں	آپ کو ان سبھی میٹنگوں میں حصہ لینے—اور دوسروں کو ان میں مدعو کرنے—کا حق ہے جہاں آپ کے بچے کی تشخیصات یا خدمات کے بارے میں فیصلے کیے جائیں گے۔
بیمہ	آپ کو یہ جاننے کا حق ہے کہ آیا EI کی خدمات کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے آپ کا بیمہ استعمال کیا جائے گا۔ اگر آپ کا بیمہ استعمال کیا جائے گا تو آپ پر کوئی براہ راست لاگت نہیں آئے گی۔
تحریری اطلاع	آپ کے بچے کی تشخیص، اہلیت یا خدمات میں کوئی تبدیلی کیے جانے سے پہلے آپ کو تحریری اطلاع موصول ہونا ضروری ہے۔
آپ کے بچے کے ریکارڈز	آپ کو اپنے بچے کے بارے میں کوئی بھی ریکارڈ دیکھنے کا حق ہے۔ آپ کو ان ریکارڈوں کی ایک نقل حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کو کسی ریکارڈ میں تبدیلی کی درخواست کرنے کا حق ہے۔

DMH6660040 - 1.25 - Urdu

NYC Health

اگر آپ کے سوالات ہوں؟

- **اپنے سروس کوآرڈینیٹر سے بات کریں۔ وہ بیشتر سوالات میں، آپ کی مدد کر سکیں گے۔**
- **اپنے علاقائی دفتر کو کال کریں اور کسی اسسٹینٹ ڈائریکٹر سے بات کروانے کو کہیں:**
- **ارلی انٹروینشن کے امورِ صارفین (Early Intervention Consumer Affairs) کو کال کریں: 347-396-6828**

Bronx: 718-838-6887 • **Brooklyn: 718-694-6000** • **Manhattan: 212-436-0900**
Queens: 718-553-3954 • **Staten Island: 718-568-2300**

اگر کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا ہے یا آپ کسی فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو

آپ کو ہمیشہ یہ حق حاصل ہے کہ آپ فیصلے پر دوبارہ غور کروانے کا مطالبہ کریں۔ اسے باضابطہ کارروائی کہا جاتا ہے۔ باضابطہ کارروائی کے آپ کے حقوق میں شامل ہیں:

ثالثی	یہ EI اور کسی ثالث کے ساتھ (صورت حال میں غیر شامل شدہ کوئی ایسا شخص جو حل نکالنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہو) آپ کے خدشات پر گفتگو کرنے کا ایک طریقہ ہے۔
غیر جانبدارانہ سماعت	یہ ایک رسمی کارروائی ہے جس میں ایک ایڈمنسٹریٹو لاء جج خدشات کو سنتا اور فیصلہ کرتا ہے۔
نظاموں کی شکایت	یہ اس وقت ہوتی ہے جب آپ نیو یارک اسٹیٹ محکمہ صحت سے کسی مسئلے کی چھان بین کرنے کی گزارش کرتے ہیں۔

ثالثی کے لیے، اس پتے پر لکھیں:

Director of Consumer Affairs
NYC Early Intervention Program

42-09 28th St
Long Island City, NY 11101

فون: **347-396-6828**

فیکس: **347-396-8977**

غیر جانبدارانہ سماعت یا نظاموں کی شکایت کے لیے، اس پتے پر لکھیں:

New York State Department of Health
Bureau of Early Intervention

Corning Tower, Empire State Plaza
Albany, NY 12237

فون: **518-473-7016**

فیکس: **518-486-1090**

خاندان کے یہ حقوق معذور افراد کی تعلیم سے متعلق ایکٹ (Individuals with Disabilities Education Act, IDEA) کے حصہ C کے مطابق ارلی انٹروینشن میں شامل بچوں والے سبھی خاندانوں کے لیے ضمانت یافتہ ہے۔ مزید معلومات کے لیے، health.ny.gov/publications/0532 پر جائیں۔